# بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن، کراچی

سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ ایگزامینیشن ۲۰۲۲ء (سالانہ)

## نیو ماڈل پیپر

## اُردو نارمل کورس (لازمی)

وقت: ۳ گھنٹے　　جماعت نہم۔(سائنس گروپ)　　کل نشانات: ۷۵

### حصّہ ”الف“ (لازمی) (کثیر الانتخابی سوالات) 40%

سوال نمبر ۱۔　۳۰ کثیر الانتخابی سوالات تمام سلیبس سے دیئے جائیں گے۔ ہر سوال کا ایک (01) نمبر ہے۔ (نشانات ۳۰)

### حصّہ ” ب “ (مختصر جواب کے سوالات) 40%　　نشانات: ۳۰

۲۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی دو کے مختصر جوابات تحریر کیجیے :- (۴)

(i) حضور اکرم ﷺ کے اخلاق کے بارے میں حضرت ہند بن ابی ہالہؓ کیا فرماتے ہیں؟

(ii) قانون ادب سے کیا مراد ہے؟

(iii) برٹش میوزیم میں کیا کیا چیزیں موجود ہیں؟

(iv) نام دیو کو بچوں کے علاج میں کیسے مہارت حاصل ہوئی؟

۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا مرکزی خیال۔۔یا۔۔ خلاصہ مصنف کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے۔ (۵)

(الف) سیانا بادشاہ　　(ب) بوڑھی کاکی

--یا--

مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ --یا-- مرکزی خیال شاعر کے حوالے کے ساتھ تحریر کیجیے۔

(الف) سرِ راہِ شہادت　(ب) دُنیائے اسلام

۴۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح شاعر کے مختصر تعارف کے ساتھ کیجیے: (۶)

(i) جَبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی　　حقِ بندگی ہم ادا کر چلے

(ii) طلب میری بہت کچھ ہے مگر کیا　　کرم تیرا ہے اِک دریا عطا کا

(iii) جلا ہے جسم جہاں دل بھی جل گیا ہوگا　　کُریدتے ہو جو اَب راکھ جستجو کیا ہے

(iv) جب تک انساں پاک طِینَت ہی نہیں　　عِلم و حِکمت، عِلم و حکمت ہی نہیں

--یا--

نظم کے عنوان اور شاعر کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل جُز کی تشریح کیجیے:

کوسوں کسی شجر میں نہ گُل تھے نہ برگ و بار　　ایک ایک نخل جل رہا تھا صورتِ چِنار

ہنستا تھا کوئی گُل نہ مہکتا تھا سبزہ زار　　کانٹا ہوئی تھی پھولوں کی ہر شاخِ باردار

گرمی یہ تھی کہ زیست سے دل سب کے سرد تھے

پتے بھی مثلِ چہرۂ مدقوق زرد تھے

جاری ہے----

Result.pk
NEW MODEL QUESTIONS PAPER

۵۔ مندرجہ ذیل میں سے دو شعری اصطلاحات کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے۔ (۴)

مطلع، مقطع، تشبیہ، قافیہ۔ ----یا----

مندرجہ ذیل میں سے دو اصناف ادب کی تعریف مختصراً تحریر کیجیے۔

ناول۔ مضمون۔ نظم۔ غزل۔

۶۔ اپنے دوست کے نام ایک خط لکھیے جس میں شجر کاری کی اہمیت کے بارے میں بتائیے۔ ----یا---- (۵)

کسی اخبار کے مدیر کے نام ایک مراسلہ تحریر کیجیے جس میں صفائی کی ناقص صورت حال کی طرف اعلیٰ حکام کی توجہ دلاتے ہوئے تجاویز دیجیے۔

۷۔ (الف) مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے۔ (۴)

جملہ فعلیہ۔ اسم مکبر۔ مرکب تام۔ مرکب ناقص (یا)

درج ذیل میں سے چار الفاظ و محاورات اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

رکھ رکھاؤ۔ ناک کٹوانا۔ محنت کا پھل۔ سبز باغ دکھانا۔ ہرکارہ۔ دریغ نہ کرنا

(ب) مندرجہ ذیل میں سے چار الفاظ کے مترادف لکھیے۔ (۲)

قیمتی۔ مشکل۔ خواہش۔ عکس۔ نادر۔ صبا

## حصّہ ”ج“ (بیانیہ جواب کے سوالات) 20% نشانات: ۱۵

۸۔ سیاق و سباق کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح سلیس اور بامحاورہ زبان میں کیجیے۔ (۶)

تیرے ہی شاداب اور سرسبز باغ سے ہر ایک محبت کا پھل ملتا ہے۔ تیرے ہی پاس ہر درد کی دوا ہے۔ تجھی سے ہر ایک رنج میں آسودگی ہے۔ عقل کے درمیان جنگلوں میں بھٹکتے بھٹکتے تھکا ہوا مسافر تیرے ہی گھنے باغ کے سرسبز درختوں کے سائے کو ڈھونڈتا ہے۔ وہاں کی ٹھنڈی ہوا، خوش الحان جانوروں کے راگ، بہتی نہروں کی لہریں اس کے دل کو راحت دیتی ہیں۔

----یا----

سیاق و سباق کے حوالوں کے ساتھ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو جملوں کی تشریح کیجیے۔

(i) دنیا کا دستور ہے کہ کوئی فرد بشر رنج سے خالی نہیں۔

(ii) اسے کیا معلوم تھا کہ قضا اس کے سر پر کھیل رہی ہے۔

(iii) ایک انسان کی آنکھ اُن نظاروں کا مشاہدہ کرتی ہے جو ڈپٹی کمشنر کی آنکھ کو نصیب نہیں ہوتا۔

(iv) دنیا میں قومیت کی تشکیل کی دو بنیادیں ہیں۔

۹۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم دو صفحات پر مشتمل مضمون لکھیے: (۹)

(i) شہیدانِ وطن

(ii) ہمارے معاشرتی مسائل اور ان کا حل

(iii) ایک دل چسپ سفر کی روداد

---



Result.pk
NEW MODEL QUESTION PAPER